© rasailojaraid.com

# شہید ملت علامہ احسان الٰہی ظہیرؒ نے فرمایا

مرسلہ : محمد نواز قریشی' میانوالی

کبھی یاد کیا کرو گے لیکن اس وقت ہم نہیں ہوں گے اور تم اپنے بیٹوں کو ہماری داستانیں سنایا کرو گے کہ جب ہر طرف خوف تھا ظلمت تھی تاریکی تھی اور ظلمت کا سناٹا تھا۔ لوگ اہل حدیثوں کو اپنی بھیڑ بکریاں سمجھا کرتے تھے۔ ایک کمزور آدمی لاہور سے اٹھا اور اس نے کہا' لوگو ! سن لو اہل حدیث کسی کی بھیڑ بکریاں نہیں ہیں۔ اہل حدیث اس کائنات کی وہ قوت اور طاقت ہیں کہ اگر اسے احساس ذوق ہو جائے تو دنیا کی کوئی جماعت اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی اس لئے یہ منفرد جماعت ہے۔ کہ اس کے گھر جب بچہ جنم لیتا ہے تو ماں اسے لوری دیتے ہوئے کہتی ہے بیٹا ! کائنات کے سامنے کٹ جانا گوارا کر لینا اللہ کے سوا کسی کے سامنے جھکنا گوارا نہ کرنا۔ او میری ملت کے جوانان رعنا او میری قوم کے سپوتو ! اٹھو آج تمہارے مسلک کو تمہاری جماعت کو تمہاری ضرورت ہے کس کے لئے ؟ حق کی علمبرداری کے لئے ملک میں کتاب و سنت کی علمداری کے لئے سرور کائنات کے نام نامی کے بلند کرنے کے لئے رب تعالیٰ کی توحید کو عام کرنے کے لئے شرک و گمراہی کو مٹانے کے لئے اور کتاب و سنت کو پھیلانے کے لئے اور انشاء اللہ ایک دن آنے والا ہے جب پاکستان کی فضاؤں پر پرچم لہرائے گا یا تو کتاب اللہ کا لہرائے گا یا سنت رسول اللہ ؐ کا لہرائے گا اور اس دن کو طلوع ہونے سے دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔

(جلسہ عام قصور ۲۷ فروری ۱۹۸۷ء)

# عوام الناس کے لئے خوشخبری

گوجرانوالہ میں چند نوجوانان اہلحدیث نے مل کر شیخ محمد عمران کی زیر نگرانی عوام الناس کی سہولت کے لئے سلفیہ ڈاک خانہ قائم ہوا ہے۔ جہاں پر سرکاری نرخ پر لفافے اور ٹکٹیں مل سکتے ہیں۔

**برائے رابطہ :۔**

۱۔ حافظ جنرل سٹور۔ محلہ اسلام آباد نمبر ۱۳ نزد جامع مسجد قدس اہلحدیث' گوجرانوالہ

۲۔ رحمٰن بیکرز۔ نزد عبداللہ اہلحدیث ۱۱۹ اسلام آباد گوجرانوالہ

منجانب = ماسٹر عبدالغفار قمر گوبند گڑھ گوجرانوالہ

© rasailojaraid.com